مطبوعات

تحریک اسلامی — دعوت اور کامیابیاں | مصنّف: سیّد اسعد گیلانی ۔ پبلشر: فرینڈز پبلشرز ملتان

ضخامت: ۸۰ صفحات قیمت: ۵/۰ روپے۔

محترم سیّد اسعد گیلانی صاحب ادبی دُنیا خاص کر ادبِ اسلامی کی جانی پہچانی معروف و مشہور شخصیت ہیں۔ متعدد کتابوں کے مصنّف ہیں، جن میں سے رسول اکرمؐ کی حکمتِ انقلاب جس پر انہیں ایوارڈ بھی ملا ہے۔

"تحریک اسلامی — دعوت اور کامیابیاں" موصوف کا تازہ شاہکار ہے، جس میں بیان کیا گیا ہے کہ تحریک اسلامی کی دعوت کیا ہے اور وہ کن کن مراحل میں کامیابی و کامرانی سے ہمکنار ہوتی ہے۔

قارئین حضرات اگر یہ معلوم کرنا چاہتے ہوں کہ تحریکِ اسلامی کی دعوت کیا ہے؟ اسلامی اصطلاح میں کامیابی کسے کہتے ہیں؟ اس تحریک کو کہاں کہاں اور کیسے کامیابیاں ہوئی ہیں تو اس کتاب کا مطالعہ نہایت مفید رہے گا۔ (ع۔ و۔ ع)

اسلام کا نظامِ زکوٰۃ | مصنّف: مولانا اشرف علی قریشی ناظمِ اعلیٰ جامعہ اشرفیہ پشاور

ناشر: مؤتمر المؤلفین جامعہ اشرفیہ پشاور ۔ ملنے کا پتہ: جامعہ اشرفیہ پشاور

صفحات: ۸۸ قیمت: ۵/۰ روپے

مولانا محمد اشرف علی قریشی صاحب جامعہ اشرفیہ پشاور کے بانی مولانا عبدالودود قریشی صاحب کے خلف الرشید ہیں۔ موصوف ماہنامہ صدائے اسلام پشاور کے